بار عصیان دوش پر اور دل مین ہے حرص و ہوا — کینہ و بخل و ریا مین ہون سراسر مبتلا

درگذر کر مجھ سے ختم الانبیاؐ کے واسطے

رات دن یہ حبِّ دنیا ہے میرے جی کا وبال — میری کشتی کو الٰہی بحر عصیان سے نکال

پار کر بیڑا محمدؐ مصطفیٰ کے واسطے

شرک و بدعت اور ضلالت سے الٰہی دور رکھ — نور ایمان سے خدایا دل کو معمور رکھ

رہنماے دین علی مرتضیٰ کے واسطے

صبر و شکر و صدق پر ثابت قدم رکھنا مجھے — اور توفیق حیا و علم بھی دینا مجھے

اُس حسنؒ خضر طریق اتقا کے واسطے

نفس و شیطان اہرمن ہین اور ہے کسب انکے کام — رکھ مجھے محفوظ ان سب سے خداوندا مدام

قطب دین ثانی حسنؒ آل عبا کے واسطے

لوٹے عصیان مین الٰہی خاک چھانی در بدر — باز رکھ اُس سے یارب مجھکو اور رسوا نہ کر

شیخ عبد اللہؒ سعید پارسا کے واسطے

رنج و غم مین مبتلا ہون کیا کہون مین اپنا حال — اس مصیبت سے خدایا تو مجھے جلدی نکال

حضرت موسیٰؒ ولی و پیشوا کے واسطے

تیری رحمت کے سوا یارب نہین حاجت مجھے — کر عنایت یا الٰہی دین کی عزت مجھے

حضرت داؤدؒ شاہ اتقیا کے واسطے

مال و دولت عیش و عشرت کا نہ سامان چاہیے — مجھ غریب بے نوا کو فضل رحمان چاہیے

ہو دعا مقبول موسیٰ[8] رہنما کے واسطے

کیسی دولت کیسی حشمت اور کہاں کا جاہ و مال — طالب دیدار ہوں تیرا ہی رب ذو الجلال
وصل سے کر شاہ یحییٰ[9] باصفا کے واسطے

اپنے نار عشق سے کر دے مرے دل کو کباب — تا نہ باید جز وصال تو دلم نہ صبر و تاب
میر عبد اللہ[10] شاہ باصفا کے واسطے

ہر گھڑی ہر وقت ہر لحظہ ترا مجنوں ہوں — یہ دعا مقبول ہو یا رب ترا مفتوں ہوں
حضرت موسیٰ[11] شہ اہل ہدیٰ کے واسطے

عشق احمد کا الٰہی ہو مرے دل میں سرور — اور نظر آئے مجھے ہر چیز میں تیرا ظہور
شیخ ابو صالح[12] شہ جود و سخا کے واسطے

کر دے فانی اسقدر عشق محمد میں مجھے — موت آجائے خیال شکل احمد میں مجھے
شیخ عبد القادر[13] پیر ہدیٰ کے واسطے

رات دن یہ التجا ہے اس دل غمناک کی — دے مجھے اپنی محبت اور شہ لولاک کی
عبد رزاق[14] شہ اہل صفا کے واسطے

ہر بلائے دین و دنیا سے مجھے محفوظ رکھ — دولت ایمان سے یا رب دل مرا محفوظ رکھ
شاہ شرف الدین[15] امیر باسخا کے واسطے

[illegible] اور خواہش ہے مری صبح و مسا — جام وحدت دے پلا اور غیر کو دل سے بھلا
عبد وہاب[16] ولی باخدا کے واسطے

آرزو ہے تو یہی ہے اور یہی ہے التجا　　عشق دے اپنا الٰہی اور اپنا ہی کہا
اُس بہاء[۱۷] الدین ولی و مقتدا کے واسطے

دین احمدؐ پہ خدایا میں رہوں ثابت قدم　　اسقدر مجھ بینوا پہ ہو ترا فضل و کرم
شاہ دین یعنی عقیل[۱۸] بے ریا کے واسطے

مطلع خورشید رحمت مجھپہ چمکا دے ذرا　　یعنی دیکھوں روضۂ پاک شہِ ہر دوسرا
شاہ شمس الدین[۱۹] مرد باصفا کے واسطے

جلد وہ دن ہو طواف کعبہ کو حاصل کروں　　اور رسول کبریا کے در کا میں سائل بنوں
اُس گدا رحمان[۲۰] باحلم وحیا کے واسطے

دل لگا کر ایک رکعت بھی نہ کی میں نے ادا　　بخشدے یارب خطا میری جو کی میں نے سدا
حضرت سید ابوالفضل ہدیٰ کے واسطے

یاالٰہی مجھکو پہونچا دے مدینہ پاک میں　　خاک ہو کر جا پڑوں کوئے شہِ لولاک میں
ماہِ عالم شمس دین شمس الضحیٰ کے واسطے

دے وہ بینائی کہ جس سے میں ترا دیکھوں جمال　　دل وہ دے جسمیں کہ گذرے روئے احمد کا خیال
اس گدا رحمان ثانی باخدا کے واسطے

حبِّ دنیائے دنی نے کر دیا مجکو تباہ　　دور رکھ اس سے خدایا اور عطا کر اپنی چاہ
اس فضیل ہادی راہ خدا کے واسطے

دن قیامت کے الٰہی آبرو رکھ لے مری　　غرق دریائے معاصی ہوں عنایت ہو تری

اُس شہ سید کمال باصفا کے واسطے

کیا کہوں غفلت کی ہے دلپر گھٹا چھائی ہوئی — رحم کر یارب لبوں پہ جان ہے آئی ہوئی

شاہ اسکندر امام اصفیا کے واسطے

دو نوں عالم میں سوا تیرے نہیں مشکلکشا — رحم کی مجھ پر نظر کر بخشدے میری خطا

شیخ احمد واقف راز خدا کے واسطے

دین و دنیا کی سعادت کر مجھے یارب عطا — نخل امید آب رحمت سے رہے پھولا پھلا

حضرت معصوم ایشان پیشوا کے واسطے

ہوں گنہگار و خطاوار اے مرے پروردگار — کشتی طوفانیم را کن دریا بہ کنار

نقشبند ثانی با اتقا کے واسطے

سخت حیران ہوں عجب مشکل مجھے آکر پڑی — تو کرے رحمت تو پھر آسان ہووے ہر گھڑی

بخشدے شاہ زبیر باحیا کے واسطے

نامۂ اعمال ہے میرا گناہوں سے سیاہ — زاب رحمت کن سفیدش اے رحیم و اے الٰہ

اُس ضیاء اللہ قلب پر ضیا کے واسطے

دولت ایمان تری درگاہ سے ہووے عطا — خاتمہ بالخیر ہووے بس مرا اب یا خدا

خواجۂ آفاق شاہ دوسرا کے واسطے

ہو وحید خستہ پر لطف و عنایت کی نظر — فضل رحمان میرے مرشد رہنما کے واسطے

تمت

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳	۶	بحذب	بحذف	۶	۱۵	وُقبۃ	وُقب
		الفرورات تبیح*	الضرورات تبیح*	"	۱۶	ہو	ہُو
"	۱۱	المحذورات	*المحذورات	"	"	•	[illegible]
"	۱۴	خضوع	وخضوع	"	۱۷	حسد	حسد
"	۱۶	السکلان	الثکلان	"	۲۲	ہوچکیا انسانوں	ہوا ورانسانوں
۴	۱	طع	طبع	۷	۱	نوم	نوم ط
"	۱۷	موٹاکمر	موٹاپیکر	"	۴	اون	اذن
۵	۳	لایضر	لایضرّ	"	۶	دسترین	دسترس
"	۶	الله	بخشش مانگتا ہوں میں اللہ	"	۱۴	دماسے	دہانے
"	۸	بڑ	بزرگ	"	۲۰	ہمارب	ہمارے رب
"	۱۱	ہمزۃ	ھمزۃ	"	۲۲	(دواشت)	(برداشت کی)
"	۱۳	عین	عَین	۸	۸	کہتا	کرتا
"	۱۴	اوزہریلے	اور زہریلے	۱۰	۸	ہمپر	کھولدے ہمپر
۶	۱۱	التصدرۃ	التصدرح	"	۱۹	مستقرا	مستقرًا
"	"	احد	آحد	۱۱	۳	اجعلنا مسلمین	واجعلنا مسلمین
"	۱۲	مال پوچھنے	حال پوچھتے	"	۷	آعین	آعین
"	"	اسکے برادالا	اسکے برابر والا	۱۲	۱۳	تخرج	تخرج

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
١٣	١٥	ڈرسے	ڈرسنے	٢٧	٢٢	تو وتجبتی	تو نہ بخشی
١٤	٧	بَیْتِنیْ	بَیْتِیْ	٢٨	١٩	لاینتمرُ	لا یُغْفِرُ
〃	١١	اَکْرَم	اَکْرَمُ	٢٩	〃	سلوتی	صَلٰوتی
〃	١٣	ونفتنة الدنیا	وَفِتْنَةِ الدُّنْیا	〃	〃	مُحیای	مَحْیَایَ
١٧	١	الصمہ	اَلصَّمَدُ	٣٠	〃	ملک	ملکے
٢٠	٣ حاشیہ	یک	یکت	٣١	١	قَتکُمْ	فَنکُمْ
	٤ حاشیہ	یک	یکت	〃	٣	الّذِ	اَلَّذِی
٢٢	١٧	ان اللہ	اَنَّ اللہَ	〃	٧	باسمکَ	بِاِسْمِکَ
٢٤	٣	مُجِبَتَہ	مَحَبَّتَہٗ	〃	〃	وَالہٗ	وَاِلٰہَ
٢٥	١١	ثُلُث	قُلتت	〃	٩	توفاما	تَوَفَّاھَا
〃	١٣	پیپانیاں ٹکڑے	پیشانیاں پکڑلے	〃	١١	مماتُھا	مَمَاتَھَا
〃	١٩	عُبدک	عَبْدُکَ	〃	١٣	آسئلُکَ	اِنِّیْ اَسْئَلُکَ
〃	٢٠	تیرا ہے	تیرا ہی	〃	١٧	الیکَ	اَلَّا اِلَیْکَ
〃	٢٢	منہ	نور ذات کے	〃	١٩	نَسبیّکَ	نَبِیِّکَ
٢٦	١	حق	حَقّ	〃	٢١	السّبع وَرَبّ	اَلسَّبْعِ وَرَبَّ
〃	٣	اتیلیتی	تقلیلنی	٣٣	١٥	دِنکَ	وَفُلْکَ
٢٧	١	من خلف	من خَلْفِ	٣٤	٦	بعد مالقانتا	بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۲۴	۱۴	جارکھاالیابکوکریں	جارہے رکھا الیا بھو
۱۲۶	۷	مَذَلَّةِ الفقیر	مَذَلَّۃُ الفقیر
۱۲۸	۳	لاتُحصُوھَا	لاتُحْصُوْھَا
۱۳۱	۳	تدخلی الجنۃ	تُدخِلنی الجنۃ
۱۳۳	۱۵	اورکھلاپھر	اور کھلا پاپھر
〃	۱۸	چارپاراں پر	چار پا اوں پر
۱۳۶	۲	معاضہ	معاوضہ
۱۳۷	۴	ادخلنی	ادخلنی الجنۃ
〃	۶	بخشد	بخشدے
۱۳۹	۲۱	وَذُرِّیۃ کما	وَذُرِّیَّتِہٖ کما
۱۴۱	۲۱	اِبْراھیم	اِبْراھِیْمَ
۱۴۲	۱۷	〃	ابراھیم
〃	۲۱	بادلت	بابرکت
۱۴۴	۱۳	فی المصطفین	فی المُصطفین
〃	۲۱	جبّاوالقلوب	جبّارُ القلوب
۱۵۶	۵	القمر وکلمہ	اقمر وکلمۃ
〃	〃	المجہر	المجیر

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۷۳	۱	جوا تحت	جوا تخت
۱۷۳	۱۲	درویگرت	درے دیگرت
۱۷۴	۱	نیکا	نیکان
〃	۲	خودکرده ایم	خودکرده ایم
〃	۱۴	کہم	بکہم
〃	۱۵	دگناہم	دگناہم
〃	۱۶	مقتضم	مقتضم
۱۷۵	۲	خدا باذات خداوندت	خدا بذات خداوندت
〃	۱۴	متعالی	متعالیم
۱۷۶	۲	بدون منکرم	بدون منکرم
〃	۸	والانفس الاعاصد	ولانفس والاعاصد
〃	〃	ولا ظہور	ولا ظاہر
〃	۹	المجید	المجید
۱۷۷	۱۳	لعدا داز	بعد ادباغ از
۱۷۸	۴	〃	یعنی غوث اعظم شاہ ابرار
〃	۸	آسمانہ	آشیانہ
〃	۱۲	داست	داشت الخ
۱۷۹	۴	دلایب	ولایت
〃	۹	حستہ دل را	خستہ دل را
〃	۱۲	ملا زید	بلا زید
۱۸۰	۸	ایشان	ذیشان الخ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵۳	۲۱	وَالسلامۃُ	وَالسلامۃُ مِنْ	۶۷	۵	مَا یکذِبُ	مَا یَکذِبُ
۵۴	۵	الا	الّا	۶۸	۲۱	مِن الظلمات	مِنَ الظُّلُمَاتِ
۵۵	۱	بکتابکَ	بِکِتَابِکَ	〃	۲۲	•	تاریکیوں سے
〃	۹	وَاجعَلہُ	وَاجْعَلْہُ	۶۹	۵	الرحیم	اَلرَّحِیْمُ
۵۷	۱۳	فَاخیِّر	وَخَیِّر	〃	۷	اتمھا	اَتِمَّھَا
〃	۱۹	وَاستقدِرُک	وَاسْتَقْدِرُکَ	〃	۲۱	لایرحمُنا	لایَرْحَمُنَا
۵۸	۲۰	بقدرَتِکَ	بِقُدْرَتِکَ	۷۰	۳	لاتحرمنا	لاتحرِمْنا
〃	۲۱	•	قدرت سے	〃	۵	اَعِدْلی	اَعِذْلی
۵۹	۱۰	نسق	نسق	〃	۲	مُنکرات	مُنْکَرات
۶۴	۹	حدّی	جِدّی	〃	۱۱	توفنی	تَوَفَّنِی
〃	۸	تقاق	نفاق	〃	۱۳	یحکک	یُحَیِّکَ
〃	۹	عَملِی	عَمَدِی	۷۱	۱	ثبت	ثَبِّتْ
〃	۱۱	وَکُلّ	وکُلَّ	〃	۱	بھیرنے والا	پھیرنے والا
〃	۲۲	تجھ بہت	تجھ سے بہت ڈرنے والے	۷۳	۲۲	میرے	تیرے
۶۶	۱۱	اَصْحِبْنَا	اَصْحِبْنَا	〃	〃	ہے	جسکی پیشانی تو تھامے ہوئے ہے
〃	۱۲	•	تو اپنے نصیحت کے ساتھ ہمارا ساتھ رہ۔	۷۴	۳	فقونی رِضاکَ	فقّو فی رِضاکَ
				〃	۶	بناصیتی	بِنَاصِیَتِی

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۷۴	۸	صَعِیفٌ	ضَعِیفًا	۷۹	۳	سَرَبًّا	سَرَبٌ
〃	۹	اَتَتْرِنِیْ	اَخْبِرْنِیْ	۸۱	۸	رفافت	رفاقت
۷۵	۳	وَتَحوَاتَمَہ	وَتَخَوَاتُمُسَہٗ	〃	۱۵	وَیَاشَافِیْ	وَیَاشَافِیَ
〃	۳	خیرًا	تیرًا	〃	۱۵	تُجِیبُوْبَابِیْ	تُجِیبُوْ بَابِیْ
۷۶	۷	تقبل	تَتَقَبَّلْ	〃	۱۹	مَاقصرَ	مَاقَصُرَ
〃	۱۳	العیون	اَلْعُیُوْنُ	۸۲	۵	ذَاالْجَبَلِ	ذاالْجَبَلِ
〃	۱۵	الحوادث	الحوادثُ	〃	۹	وَالرُّکَّعِ	اَلرُّکَّعِ
〃	۱۷	شاقِیْ الحال	مَشَاقِیْ الْحَالِ	〃	۱۰	پچکنے	جھکنے
۷۷	۷	وَاَهْلَہٗ	وَاَهْلِہَا	〃	۱۵	محتدین	المہتدین
〃	۱۷	اللہم	اَللّٰھُمَّ	۸۴	۳	کریم والا	کرم والا
۷۸	۷	اَتْقِیْنِیْ	اَلْقِنِیْ	〃	۹	وَلَارَیْبَ	وَلَارَیْبَ
〃	۱۱	یَاَبَاسِطُ	یَابَاسِطُ	۸۵	۷	وَفَاضَتْ	وَفَاضَتْ
	۱۱			〃	۱۹	تَتَبَسَّمُ	یَتَبَسَّمُ
〃	〃	یَامُنْتَهیٰ	وَیَامُنْتَهیٰ	〃	۲۱	سَاخِطًا	سَاخِطًا
〃	۱۷	اَعْتَبْتَنَا	رَغَبْتَنَا	۸۶	۱۱	آوَّھَۃ	اَوَّاھَۃً
۷۹	۱	خُلُقِیْ	خَلْقِیْ	〃	۱۵	کمی	مقتضی
〃	۲	اجھا	اچھا	۸۸	۱۱	۰	اس دعا کو تین بار پڑھنا چاہئے۔

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۹۰	۳	اَوْ تُجْلِنِیْ	وَاَوْ تُجْلِنِیْ	۱۱۲	۱۱	مَحَبَّتَہٗ	مَحَبَّتَہٗ
۹۲	۹	مِنِّیْ	مِنِّیْ	۱۱۳	۷	تُجِیْرُنِیْ	تُجِیْرُنِیْ
۵۳	۱۵	لاتجعل	لَاتَجْعَلْ	۱۱۳	۹	وَاُؤْمِنُ	وَاُوْمِنُ
۹۴	۵	اصول	اُصُوْلُ	=	۱۰	تیرے	تیرے
۹۵	۱۳	لماالطیت	لِمَا اَعْطَیْتَ	=	۱۱	نَبِیِّكَ	نَبِیِّكَ
۹۶	۱	اَللّٰھُمَّ عایذُ	اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَائِذٌ	۱۱۵	۷	اَوْ مَسَائِلِ	اَوْ سَائِلِ
۹۷	۷	اوان یطغی	اَوْاَنْ یَّطْغٰی	۱۱۶	۳	اَلْقُرْاٰنَ الْعَظِیْم	اَلْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ
۹۸	۲۱	بدیعُ	بَدِیْعَ	۱۱۷	۱۰	جس کے طفیل	تو کے طفیل
۱۰۰	۷	یاربِّ ربِّہ	یارَبِّ یارَبِّ	۱۱۸	۱۳	اَلْمَغْفِرَۃِ	اَلْمَغْفِرَۃُ
		فی قلوبہم الایمان	فی قلوبہم الایمانَ	۱۲۱	۳	وَاَعُوْذُبِكَ	وَاَعُوْذُ بِكَ
۱۰۹	۱۳	تو بخشا ہے	تو بخشتا ہے	=	۱۷	اَلْجَلَالِ	اَلْجَمَالِ
۱۱۰	۵	ذٰلِكَ الْفَوْزُ	ذٰلِكَ ھُوَ الْفَوْزُ	=	۱۹	وَاَسْتَغْفِرُكَ	وَاَسْتَغْفِرُكَ
=	۲۱	جَھْدُ الْبَلَاءِ	جَھْدُ الْبَلَاءِ	=	۲۰	استغفار کرتا ہوں	استغفار کرتا ہوں
۱۱۱	۱۹	اَیُّمَا عَبْدٌ	اَیُّمَا عَبْدٍ	۱۲۳	۱۱	فَاَقْبِلْ	فَاقْبَلْ
=	=	اَوْ اَمَۃٌ	اَوْ اَمَۃٍ	۱۲۴	۸	کی سوا تیری	کی سوا تیری رضامندی کے
۱۱۲	۳	وَاَنْ تُعَافِیْنَا	وَاَنْ تُعَافِیَنَا	=	=	پلک جھپکے	پلک جھپکتے
=	۵	وَاَنْ تَقْبَلَ	وَاَنْ تَقْبَلَ مِنَّا	=	۹	اور تیز سانس	اور پھر سانس لیتے

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۴	۲۱	بجلال	بِجَلَالِ	۴۹	۸	نے سکو	نے بسم کو
۳۷	۱	وتقفنا	وَثَبِّتْنَا	۵۰	۱	وَفضّلنی	وَفَضَّلَنَا
۳۸	۶	رسول اللّٰه	رَسُوْلِ اللّٰهِ	〃	۵	الطّعام	اَلطَّعَامَ
〃	۹	الوانی رزقتک	اَبْوَابَ رِزْقِكَ	〃	۶	وَرَزقلنیه	وَرَزَقَنِیْهِ
〃	۱۷	فاعفرلی	فَاغْفِرْ لِیْ	〃	〃	وَلَاقوة	وَلَا قُوَّةَ
۴۰	۵	عبادک	عِبَادُكَ	۵۱	۳	لک ان التموه الخ	لَكَ اَلْحَمْدُ كُلُّهٗ لَا
〃	۱۷	انا شهید	اَنَا شَهِیْدٌ	〃	۶		قَابِضَ ... اور جسکو تو گمراہ کرے اوسکو کوئی راہ پر نہیں لاسکتا
۴۱	۱	ربی العلیم	رَبِّيَ الْعَظِیْمِ				
۴۲	۱	سبحان الحی	سُبْحَانَ الْحَیِّ	۵۱	۶	لما منعت	لِمَا مَنَعْتَ
〃	۹	سبحان الحی	سُبْحَانَ الْحَیِّ	〃	۸		اور جو تو دے اوسکو کوئی روک نہیں سکتا اور جسکو تو نہ دے اوسکو کوئی دے نہیں سکتا
۴۳	۱۹	اغفرلی	اِغْفِرْ لِیْ				
۴۵	۱۱	التحیات	اَلتَّحِیَّاتُ	۵۱	۲۲	واجعلنا من الراشدین	وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِیْنَ
۴۶	۲۲	شروع الله	شروع کرتا ہوں اللہ	۵۲	۹	الاحزاب	اَلْاَحْزَابِ
۴۷	۱۳	ووهدنی	وَاهْدِنِیْ	〃	〃	اهزمهم	اِهْزِمْهُمْ
۴۸	۳	وانصیری	وَنَصِیْرِیْ	۵۲	۱۷	واصلح لی شانی	وَاَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ
〃	۱۹	خیذالی	خَیْرًا لِیْ	〃	۲۱	ما من	مَا مِنْ
۴۹	۷	من سقانی	مَنْ سَقَانِیْ	۵۳	۲۱	ہبی	بِیْ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۸۱	۱۱	بازرکہاس سے	بازرکھواس سے
〃	۱۱	تجہکو اور رسوا کر	تجہکو اور رسوا نہ کر
۱۸۳	۱۰	ابوفضل	ابوالفضل
۱۸۴	۲	ایشان	ذیشان
〃	۱۴	ہوسے عطا	ہوسکے عطا

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اکثر اعمار امتی ما بین الستین الی السبعین

اهو تذكرة

۱۳۳۷ ہجری

لنعم

تذكرة الوحيد

من سنہ ۱۲۶۷ الی سنہ ۱۳۳۷ ہجری

سبعین سنة

مصنفہ صاحب تصانیف کثیرہ و تالیف شہیر جناب مولانا مولوی محمد وحید الزمان صاحب
المخاطب بہ نواب وقار نواز جنگ بہادر ساکن حیدرآباد دکن

(بار ثانی بہ تصحیح مؤلف)

حسب فرمایش

جناب ڈاکٹر مولوی محمد اشرف و مولوی میر فضل الرحمان صاحبان

مطبوعہ مطبع عثمان شاہی واقع حیدرآباد دکن

بماہ اکتوبر سنہ ۱۹۱۹ء

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اعمار امتی ما بین الستین الی السبعین

اھو تذکرۃ

۱۳۳۷ ہجری

نعم

تذکرۃ الوحید

من سنۃ ۱۲۶۷ الی سنۃ ۱۳۳۷ ہجریہ

سبعین سنۃ

مصنفہ صاحب تصانیف کثیرہ و تالیف شہیرہ جناب مولانا مولوی محمد وحید الزمان صاحب
المخاطب بہ نواب وقار نواز جنگ بہادر ساکن حیدرآباد دکن

(بار ثانی بہ تصحیح مؤلف)

حسب فرمایش

جناب ڈاکٹر مولوی محمد اشرف و مولوی میر فضل الرحمان صاحبان

مطبع عثمان شاہی واقع حیدرآباد دکن
بماہ اکتوبر ۱۹۱۹ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

بعد حمد وصلوۃ کے فقیر حقیر وحید الزماں عفا عنہ الرحمان اپنی زندگی دنیا کا مختصر احوال اور نام ونسب اس رسالہ عجالہ میں اظہار اللشکر لا للمدح والافتخار بیان کرتا ہے ولادت میری سنہ ۱۲۶۷ ہجری میں بمقام شہر کانپور ہوئی نام اس عاجز کا وحید الزماں ہے اور خطاب شاہی وقار نواز جنگ

ریاست حیدرآباد دکن میں پہلے پہل دفتر معتمدی عدالت میں ماہوار دو صد روپیہ نوکر ہوا پھر وہاں سے بہ ترقی پنجر وپیہ محکمہ مرافعہ وصدر تعلقات میں منتقل ہوا وہاں سے ماہوار پنجاہ روپیہ نائب ناظر وہتمم تعمیل عدالت عالیہ فوجداری ہوا پھر اسی عدالت میں ماہوار ساٹھ روپیہ نائب سررشتہ دار ہوا پھر ماہوار ہشتاد روپیہ سررشتہ دار عدالت مرافعہ فوجداری اضلاع ہوا پھر وہاں سے ماہوار یک صد وپنجاہ روپیہ دفتر معتمد مالگذاری میں میر منشی ہوا پھر اسی دفتر میں ماہوار دو صد روپیہ مہتمم ہوا پھر اسی دفتر میں ماہوار سہ صد روپیہ مستقل ہوا پھر ماہوار چہار صد روپیہ اصل وہشتاد روپیہ الاونس سواری معتمد منشی نواب سر وقار الامرا مرحوم ہوا نیز ابتدا

ممدوح الدہر سنہ ۱۳۱۰ف میں وزارت عظمیٰ سے سرفراز ہوئے تو یہ ماہوار ایک ہزار
و پانصد روپیہ ان کا معتمد پیشی مقرر ہوا اور پیشگاہ حضور پر نور شاہ دکن سے بخطاب
وقار نواز جنگ اعزاز پایا پھر اسی ماہوار سے رکن مجلس مالگزاری ہوا پھر اسی ماہوار
سے جج ہائی کورٹ رہا اس کے بعد وظیفہ یاب ہو گیا تواریخ ان تقررات اور تبدیلات
کی مجھکو محفوظ نہیں ہیں لیکن ابتدائی ملازمت آخر سنہ ۱۲۸۲ھ سے تا انتہائے ملازمت
سنہ ۱۳۱۶ھ تک ۳۴ سال کچھ کم ہوتے ہیں۔

تحصیل

تحصیل علوم اسلامیہ مدرسۂ فیض عام کانپور اور متفرق علما کے حلقہ ہائے درس
میں کی جن کا بیان آگے آئیگا زبانہائے عربی اور فارسی اور انگریزی بقدر کفایت
حاصل کیں قوانین دیوانی اور فوجداری اور مالگزاری بھی دیکھے۔

سفر

پہلا سنہ ۱۲۸۰ ہجری میں اپنے والد ماجد کے ساتھ حج خانہ کعبہ اور زیارت مدینہ منورہ سے
مشرف ہوا پھر دوبارہ سنہ ۱۲۹۴ھ میں اپنے والد ماجد اور اہل و عیال کے ساتھ حج خانہ کعبہ
کیا ۸ ذی الحجہ کو آپ مع الخیر جدہ سے پہنچے پھر مکہ معظمہ میں پہنچکر بڑے بڑے علمائے
باوقار سے ملاقات کی منجملہ ان کے یہ لوگ ہیں۔ حضرت سید احمد بن زینی بن دحلان
شافعی۔ حضرت محمد بن سلیمان حسب اللہ شافعی۔ حضرت احمد بن [illegible] مفتی الحنابلہ۔
والد ماجد نے ۹ ذیقعدہ سنہ ۱۲۹۵ھ روز دوشنبہ میں بمقام مکہ معظمہ انتقال کیا۔ اور

جنۃ المعلی میں مدفون ہوئے پھر سنہ ۱۳۳۲ ہجری میں مع اہلیہ بہ قصد ہجرت مدینہ منورہ
گیا اور بیت المقدس اور دمشق وغیرہ مقامات متبرکہ کی زیارت سے مشرف
ہوا اوس کے بعد مدینہ منورہ کو مراجعت کی اور قصد یہ تھا کہ بقیہ ایام حیات
وہیں بسر کرے لیکن چند ماہ کی اقامت کے بعد اہل خانہ کی علالت اور اونکے
اصرار کی وجہ سے اون کو پہونچانے کے لئے حیدرآباد آیا متصل ہی جنگ عظیم یورپ
شروع ہوگئی رستے بند ہوگئے۔ آخر بانتظار اختتام جنگ و کشادگی و امن یہاں
تخمیناً کم و بیش چار سال تک والیٹر اور بنگلور میں مقیم رہا یہاں تک کہ تاریخ ۲۲ جون
سنہ ۱۹۱۸ء مطابق ۱۲ رمضان سنہ ۱۳۳۶ ہجری آن پہونچی، اس تاریخ سے تاریخ کتابت
رسالہ ہذا یعنی ۱۴ فروری سنہ ۱۹۱۹ء مطابق ۱۲ جمادی الاولی سنہ ۱۳۳۷ ہجری بمقام
وقارآباد ضلع حیدرآباد دکن مقیم ہوں ایک صحرائے لق و دق بے آب و گیاہ
میں سب اہل و عیال اور متعلقین سے جدا خلوت میں پڑا رہتا ہوں جو مزہ مجھکو
اس خلوت اور صحرا نشینی میں ملا وہ کبھی آبادی اور سوسائٹی میں نہیں ملا تھا اب
اپنی اور اپنی اہلیہ کی قبور بھی وہیں تیار کرا رہا ہوں گو حق تعالی کے فضل و
کرم سے کچھ بعید نہیں کہ پھر آخری وقت میں مدینہ منورہ پہونچا دے اور بقیع
مبارک کی خاک پاک نصیب کرے۔

نسب

نسب خاکسار کا یہ ہے کہ وحید الزمان ولد مولوی حاجی محمد مسیح الزمان

مرحوم مہاجر مکہ معظمہ ولد مولوی نور محمد ملتانی ولد مولوی شیخ احمد صاحب انکے
بعد مجھکو بزرگون کے اسماء بتحقیق معلوم نہین ہوسکے لیکن مین نے اپنے والد
مرحوم سے یہ معلوم کیا تھا کہ مین شیخ فاروقی ہون اور چونکہ بزرگون کا اصلی
وطن ملتان تھا جو سرہند کے قریب واقع ہے اسلئے بقیاس ظن خواجہ محمد معصوم
فرزند حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی کی اولاد مین ہون گے والعلم عند اللہ
حضرت مجدد الف ثانی کا نسب ۲۶ واسطون سے حضرت عمر خلیفہ ثانی تک
اس طرح سے پہونچتا ہے کہ وہ فرزند شیخ عبد الاحد وہ ابن شیخ زین العابدین وہ
ابن شیخ عبد الحی وہ ابن شیخ محمد وہ ابن شیخ حبیب اللہ وہ ابن شیخ رفیع الدین
وہ ابن شیخ نصیر الدین وہ ابن شیخ سلیمان وہ ابن شیخ محمد یوسف وہ ابن
شیخ محمد اسحاق وہ ابن شیخ عبد اللہ وہ ابن شیخ شعیب وہ ابن شیخ احمد وہ
ابن شیخ یوسف وہ ابن شیخ فرخ شاہ کابلی وہ ابن شیخ نصیر الدین وہ ابن
شیخ محمود وہ ابن شیخ سلیمان وہ ابن شیخ مسعود وہ ابن شیخ عبد اللہ الواعظ
الاصغر وہ ابن شیخ عبد اللہ الواعظ الاکبر وہ ابن شیخ ابو الفتح وہ ابن شیخ
اسحاق وہ ابن شیخ ابراہیم وہ ابن شیخ ناصر وہ ابن عبد اللہ وہ ابن عمر بن
خطاب رضی اللہ عنہم۔

نسب حضرت عمر سے تا آدم علیہ السلام معروف اور خزینۃ الاصفیا وغیرہ کتب
میں یوں مذکور ہے حضرت عمر بن خطاب بن نفیل بن عبد العزی بن رباح بن

عبداللہ بن قرط بن رزاح بن عدی بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک
بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن
عدنان بن ادد بن ادو بن ہمیسع بن نبت بن ثابت بن قیدار بن اسمٰعیل بن ابراہیم
خلیل اللہ بن آذر بن تارخ بن ناحور بن شاروغ بن ارغو بن فالغ بن شالخ بن عابر بن
ارفخشد بن سام بن نوح علیہ السلام بن ملک بن متوشلخ بن اخنوخ یعنی ادریس
علیہ السلام بن یرد بن بارد بن مہلائیل بن قینان بن انوش بن شیث بن حضرت
آدم علیہ وعلی نبینا الصلوٰۃ والسلام۔

برادران وہمشیرگان

والد ماجد مولوی سمیع الزمان صاحب مرحوم کو چار فرزند اور دو دختر تھے سب سے
بڑے مولوی حاجی بدیع الزمان صاحب مرحوم جنہوں نے ۱۳۱۲ھ ہجری میں بمقام
حیدرآباد بعمر شصت سالہ تقریباً انتقال کیا اور اسی شہر میں مدفون ہوئے مولوی
صاحب موصوف واعظ بے نظیر تھے اونکی شیرین کلامی کی تعریف مدراس و بنگلور
اور حیدرآباد اور بنگالہ اور پنجاب اور بھوپال اور کلکتہ اور دہلی اور لکھنؤ ہر ایک
شہر میں زبان زد خلائق ہے اونکی تصنیفات و تالیفات میں فہرست قرآن
سبیکۃ الذہب الابریز ترجمہ جامع ترمذی ہدیۃ الموحدین ترجمہ انتہا فی
الاستواء بان اردو۔ مولوی بدیع الزمان صاحب کے بعد ایک دختر مسماۃ
سعید النساء پیدا ہوئیں جو بھائی وزیر حافظ صاحب سے منسوب ہوئیں انکے بطن

مولوی حاجی حافظ عبید اللہ ابوالبرکات پیدا ہوئے جو عالم فاضل اور صاحب
تصانیف متعددہ تھے اخیر میں علوم القرآن لکھ رہے تھے کئی علم لکھ چکے تھے لیکن
افسوس ہے کہ بعمر چہل و نہہ سال اثنائے ۱۴ محرم سنہ ۱۳۳۷ ہجری کو انھوں نے بعارضہ
انقلوئنزا سفر آخرت اختیار کیا اور حیدرآباد میں اپنے ماموں مولوی بدیع الزمان
صاحب مرحوم کی قبر کے پاس رکھے گئے وہیں مدفون ہوئے سعید النساء کے
بعد ایک اور دختر ماۃ رشید النساء پیدا ہوئیں اور ایک سید امیر احمد اللہ شاہ
کے ساتھ منسوب ہوئیں انھوں نے اپنے والد ماجد مولوی مسیح الزمان صاحب
مرحوم کے ساتھ مکہ معظمہ کو ہجرت کیا اور وہیں انتقال کیا جنت المعلیٰ میں مدفون
ہوئیں ان کے بعد ۱۷ رجب سنہ ۱۲۶۷ ہجری میں یہ فقیر گنہگار اس دنیائے دنی میں
بھیجا گیا جو اب تک یعنی سنہ ۱۳۲۳ ہجری تک بقید حیات ہے لیکن امراض متعددہ
کے لحوق کی وجہ سے سفر آخرت بہت قریب معلوم ہوتا ہے العلم عند اللہ اس
خاکسار کے بعد دو متواتر فرزند پیدا ہوئے یعنی مولوی حاجی حافظ فرید الزمان
مرحوم اور مولوی حاجی سعید الزمان مرحوم لیکن افسوس ہے کہ ان دونوں بھائیوں
نے عین عالم شباب میں صرف آٹھ مہینے کے فاصلے سے سنہ ۱۲۹۵ ہجری میں اس
جہان فانی کو پدرود کیا مولوی فرید الزمان مرحوم ۱۷ محرم سنہ ۱۲۹۵ ہجری کو اور
مولوی سعید الزمان مرحوم ۱۹ یا ۲۰ رمضان سال الیہ میں گزر گئے انا للہ
وانا الیہ راجعون مولوی سعید الزمان کی تالیف ایک چہل حدیث ہے

جو مع ترجمہ مطبوع ہو چکی ہے اور مولوی فرید الزماں مرحوم نے ترجمۂ انتہا فی الاستوا
مولوی بدیع الزماں مرحوم سے کرایا جو مطبوع ہو چکا ہے دونوں بھائی حیدرآباد
تکیہ جان اللہ شاہ میں مدفون ہوئے جو پل افضل گنج کے نیچے واقع ہے وہیں
میری اور میرے سب بھائیوں اور بہنوں کی والدہ بھی مدفون ہیں غفر اللہ
لنا ولہما ولسائر۔

اولاد خاکسار

سب سے پہلے ۲۴ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۲۹۱ ہجری میں ایک فرزند پیدا ہوا اُس کا
نام محمد اشرف رکھا گیا فرزند مذکور ۲۴ محرم الحرام سنہ ۱۲۹۵ ہجری میں بمقام مکہ معظمہ گذر گیا اور
جنت المعلیٰ میں مدفون ہوا اُس کے بعد ۲۰ ماہ رجب سنہ ۱۲۹۶ ہجری میں بمقام مکہ معظمہ
محمد اشرف ثانی پیدا ہوا اُس کے بعد ایک اور فرزند محمد احسن ۱۷ ماہ رجب سنہ ۱۲۹۹ ہجری
میں بمقام حیدرآباد دکن پیدا ہوا اُس کے بعد پھر ایک اور فرزند محمد محسن ۱۶ ماہ صفر
سنہ ۱۳۰۲ ہجری میں شہر حیدرآباد ہی میں پیدا ہوا جب محمد اشرف اول مکہ معظمہ میں گذر
گیا اُس وقت میرا ایک ہی فرزند تھا اور کوئی اولاد نہ تھی میں نے انا للہ
وانا الیہ راجعون کہا اور پھر شکر کیا حق تعالیٰ نے اُس کا بدل یہ دیا کہ تین فرزند
متواتر پیدا ہوئے اور تیسرے فرزند کے بعد تین لڑکیاں متواتر پیدا ہوئیں
منجملہ اُن کے منجھلی لڑکی جو میرے ہمشیرہ زادے ابو البرکات مولوی شیخ ... سے
منسوب تھی شادی کے ایک سال چند ماہ بعد ہی گذر گئی

دو لڑکیاں بقید حیات ہیں اور اللہ کے فضل و کرم سے دونوں صاحب اولاد ہیں اور تین فرزند جن کا ذکر اوپر ہوا وہ بھی بقید حیات ہیں اور تینوں صاحب اولاد ہیں اللہ ان کی عمر اور دولت اور صحت میں برکت عطا فرمائے۔

اسناد و کتب حدیث

مولانا نذیر حسین صاحب محدث اور مولانا شیخ احمد بن عیسیٰ بن ابراہیم شرقی حنبلی اور مولانا شیخ بدر الدین مدنی اور شیخ حسین بن محسن انصاری یمنی نے اسناد روایت کتب احادیث عنایت کی ہیں مولانا نذیر حسین صاحب اپنی سند میں تحریر فرماتے ہیں لقد اجزت بجمیع مرویاتی من کتب الحدیث اعنی الصحاح الست وغیرها للمولوی الالمعی اللوذعی الدراک صاحب ذهن ثاقب وحید الزمان ابن مسیح الزمان الی آخرہ مولانا نذیر حسین صاحب کے شیخ مولانا محمد اسحاق ان کے شیخ شاہ عبدالعزیز دہلوی تھے ان کے شیخ ان کے والد شاہ ولی اللہ صاحب مشہور محدث تھے مولانا شیخ احمد بن عیسیٰ کی سند بھی جو انہوں نے سنہ ۱۲۹۳ھ میں مکہ معظمہ میں اپنے قلم سے لکھ کر دی قریب قریب ایسی ہی ہے اور کتابوں میں میرے پاس موجود ہے لیکن اس وقت نہ مل سکی۔ مولانا شیخ بدر الدین مدنی نے سنہ ۱۳۲۲ ہجری میں جو سند مدینہ طیبہ میں عنایت فرمائی وہ حسب ذیل ہے:—

نحمدك اللهم على متواتر آلائك ونشكرك على مسلسل نعمائك ونسألك متصل الصلوات على المرفوع من بين المخلوقات وعلى آله المشهورين سيرة

اخبارهم واصحابه المستقيمة آثارهم اما بعد فان الاسناد من الدين
والاخذ به تمسك بالحبل المتين فمن ثم عكف اهل العلم عليه وتوجهت
مطايا هممهم اليه ولما كان منهم مولانا حضرة المولوى وحيد الزمان
بن جناب حضرة المولوى مسيح الزمان الحيدرآبادى وفقه الله تعالى لارشاد
العباد وسهل لنا وله طريق السداد وامين طلب منى الاجازة التى هى امانة
عند اقتحام المفازة ولست اهلا ان استجاز وهل يقال بهذا الجواز الا انه
حسن فى ظنه اثابه الله تعالى على قصده الجنة فاجزته بالمعقول والمنقول
من فروع واصول والاحاديث الشريفة والآثار المنيفة كما اجازنى بذلك
فضلاء العصر وجهابذة مصر منهم بحر الفضلاء ومفترق القول والنبلاء
افضل من شئنه تلقى العلامة الشيخ ابراهيم السقا عن الامام المهذب
العلامة الشيخ ثعيلب عن العلامة الشهاب الملوى ذى النور فى الدجى
عن الامام الشيخ عبد الله بن سالم صاحب الثبت المشهور وعن العلامة
الشيخ محمد الامير عن والده الشيخ الكبير وقد حوى ثبته الاسانيد
بلا احتياج الى مزيد فروى صحيح الامام البخارى عن العلامة الشيخ
على الصعيدى حال قرائته بالجامع الازهر عن الشيخ محمد عقيلة المكى
عن الشيخ حسن بن على العجيمى عن ابن العجل اليمنى عن الامام يحيى الطبرى
قال اخبرنا البرهان ابراهيم بن محمد بن صدقة الدمشقى عن الشيخ

عبد الرحمان بن عبد الاول الفرغانی عن ابی عبد الرحمان محمد بن شاذان
بخت الفرغانی بسماعه بجمیعه علی الشیخ ابی لقمان بن مقبل شاهان
الختلانی عن محمد بن یوسف الفربری عن جامعه راوی صحیحه
عن الشیخ علی السقاط عن الشیخ ابراهیم الفیومی عن الشیخ احمد
الفرقاوی عن الشیخ علی الاجهوری عن الشیخ نور الدین علی القرافی
عن الحافظ جلال الدین السیوطی عن البلقینی عن التنوخی عن سلیمان
بن حمزة عن ابی الحسن علی بن نصر عن الحافظ عبد الرحمان بن منده
عن الحافظ ابی بکر محمد بن عبد الله عن مکی النیسابوری عن الامام
مسلم واوصی المجاز المشار الیه نظر الله تعالی بعین العنایة الیه
بمجاهدة النفس وتفریغ القلب عن الاغیار وتطهیره عن سفاسف
هذه الدار وبملازمة الاذکار الماثورة والادعیة المشهورة والاکثار
من الصلوة والسلام علی خیر الانام مع المشاهدة المعنویة المنتجة
للمجالسة الحسیة والمرجو من الشیخ المذکور ایضا عفا الله تعالی لنا وله
الاجور ان لا ینسانی من دعوة صالحة جعل الله تجارة الجمیع رابحة
وامدنا بالمدد الاسنی وختم لنا بالحسنی ۔

کتبه الفقیر محمد بدر الدین عفی عنه آمین

شیخ حسین بن محسن انصاری نے بھی سند مکتوبہ تمام کتب حدیث کی عنایت کی تھی لیکن وہ کاغذات میں اس وقت تک نہ مل سکی

سند دلائل الخیرات

میں نے مدینہ منورہ میں ۱۳۰۸ھ ہجری میں شیخ الدلائل شیخ علی بن یوسف مالکی ہاشمی مدنی حافظ دلائل سے سند دلائل الخیرات کی لی وہ حضرت سید محمد بن احمد بن عبد الرحمان مغربی سے دلائل کی روایت کرتے ہیں وہ اپنے شیخ محمد بن احمد بن احمد مفتی سے وہ شیخ احمد بن الحاج سے وہ شیخ احمد مقری سے وہ شیخ عبد القادر فاسی سے وہ شیخ احمد بن ابی العباس سے وہ شیخ سہالی سے وہ شیخ عبد العزیز تباعی سے وہ حضرت شیخ محمد سلیمان جزولی شریف حسنی قطب ربانی مؤلف دلائل الخیرات سے رضی اللہ عنہم اجمعین۔

اساتذہ راقم حسب ذیل ہیں:-

(۱) مفتی محمد عنایت احمد صاحب مصنف تاریخ حبیب الٰہ (۲) مولوی محمد سلامت اللہ صاحب کانپوری تلمیذ شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی (۳) مولوی محمد عادل صاحب کانپوری (۴) مولوی سید حسین شاہ صاحب بخاری مصنف خلعۃ الہنود (۵) مولوی محمد لطف اللہ صاحب کوئلی (۶) مولوی محمد بشیر الدین صاحب قنوجی مصنف غایۃ الکلام فی ابطال عمل المولد والقیام وتفہیم المسائل وشرح مسلم الثبوت وغیرہ (۷) مولوی نثار علی بخاری ثم الحیدر آبادی (۸) مولوی عبد الحی صاحب فرنگی محلی مولوی حافظ (۹) عبد العزیز صاحب محدث لکھنوی مولوی عبد الحق صاحب بنارسی ثم ٹونکی

صحبت یافتہ مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی مصنف تقویۃ الایمان۔

مشائخ حدیث

مولانا نذیر حسین صاحب دہلوی عرف میاں صاحب شیخ حسین بن محسن انصاری یمنی مولوی محمد بشیر الدین صاحب قنوجی شیخ احمد بن عیسیٰ بن ابراہیم الشرقی الحنبلی مولوی حافظ عبد العزیز صاحب محدث لکھنوی مولانا الشیخ نور الدین کانی مولانا فضل رحمان صاحب مرادآبادی۔

تالیفات و تصنیفات

نزلات الموت در طب۔ نور الہدایہ ترجمہ شرح وقایہ در فقہ حنفی احسن الفوائد تخریج احادیث شرح العقائد۔ اشراق الابصار تخریج احادیث نور الانوار حاشیہ برحاشیہ میرزاہد امور عامہ۔ انتہائی الاستواء۔ ترجمہ قرآن ملقب بہ موضح القرآن و تفسیر وحیدی تسہیل القاری ترجمہ و شرح صحیح بخاری۔ تبویب القرآن لضبط مضامین الفرقان مع حواشی تفسیر وحیدی۔ ترجمہ و شرح صحیح مسلم رفع العجاجہ ترجمہ و شرح سنن ابن ماجہ ترجمہ و شرح سنن نسائی۔ ترجمہ و شرح موطائے امام مالک کنز الحقائق من فقہ خیر الخلائق۔ ہدیۃ المہدی من الفقہ المحمدی۔ اصلاح الہدایہ در فقہ حدیث انوار اللغہ ترجمہ و شرح لغات احادیث فریقین اہل سنت تنزیل الابرار من فقہ النبی المختار۔ راہ نجات اردو۔ وظیفہ نبی با اوراد وحیدی تذکرہ وحیدی رسالہ نذرانہ پورٹ لوکل فنڈ و تاریخ ممالک محروسہ سرکار نظام خلد اللہ ملکہ

متعلقہ لوکل فنڈ۔ تقریر[۲۵] دلپذیر ہندو مسلمان[۲۴]۔ فتوحی[۲۶] عجب بے نظیر سطح ارضین کے متعلق تشریح الحج و الزیارۃ[۲۲]۔ مجموعہ قوانین[۲۱] مالی سرکار نظام قواعد[۲۳] محمدی مضامین مبلحہ مندرجہ رسالہ معلم نسوان

بحث اور مناظرہ

بحث اور مناظرہ کی طرف میں نے کبھی التفات نہیں کیا اور نہ کوئی کتاب مخصوص رد و قدح میں لکھی جیسے ہمارے زمانہ کے اکثر مولویوں کا جادہ ہے بلکہ حتی المقدور جو میرے نزدیک حق معلوم ہوا اسکو ظاہر کرکے سکوت اختیار کیا اور یہی طریقہ مجھکو اسلم نظر آیا۔

وعظ و نصیحت

وعظ و نصیحت کا مجھکو اتفاق کم ہوا ہے لیکن جلسہ خیر خواہ ہند میں جو ۱۲۹۷ہجری میں قائم ہوا تھا اور جس کے میر مجلس نواب حافظ صدر الاسلام خاں مرحوم تھے اور میں بھی اس کا ایک رکن تھا ایک سال تک میں نے متعدد لکچر کھڑے ہوکر دیئے جو تجارت اور زراعت اور ترقی علوم و فنون اور ضرورت اتحاد قومی اور تعلیم نسواں اور خوبی اور بہتری دین اسلام اور اثبات واجب بدلایل عقلیہ و فطریہ وغیرہ امور سے متعلق تھے۔

تصوف

طریقہ درویشی میں فقیر نے مولانا فضل رحمان صاحب مرحوم مرادآبادی کی صحبت

کی پہلے طریقہ قادریہ میں داخل ہوا پھر مولانا سے مرحوم نے مجھ کو اپنے دست خاص سے یہ لکھ بھیجا (شمارا در طریقہ نقشبندیہ ہم داخل نمودم) مولانا نے ایک حدیث مسلسل بالاولیۃ الراحمون یرحمهم الرحمان ارحموا من فی الارض یرحمکم من فی السماء مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب سے سنی تھی وہ ہاتھ پکڑ کر مجھ کو بھی سنائی تو یہ حدیث صرف ایک ہی واسطہ سے مجھ کو شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی سے پہونچی جو نہایت اعلیٰ سند ہے۔ الحمد علی ذلک۔

تلامذہ

فقیر کو درس تدریس کا شغل بوجہ ملازمت سرکاری اور تصنیف و تالیف کتب بہت کم رہا مولوی مہدی حسن نے تمام کتب درسیہ کی تحصیل مجھ سے کی چنانچہ حاشیہ حاشیہ میرزاہد امور عامہ کے خطبہ میں اون کا نام مذکور ہے اور دوسرے لوگوں نے بھی متفرق مجھ سے تحصیل علم کی اون میں سے کئی لوگوں کے نام تو میں بالکل بھول گیا ہوں منجملہ اون کے ایک مولوی عبدالحفیظ ساکن پتھر گٹی تھے اور ایک حافظ لطف اللہ صاحب وکیل درجہ اول حال ناظم صدر عدالت پایگاہ بھی ہیں جو اب تک بفضلہ تعالیٰ زندہ و سلامت ہیں اور مولوی میر افضل حسین صاحب مرحوم چیف جسٹس ہائیکورٹ حیدرآباد بھی تھے اور ایک مرزا محمد حسن صاحب جامع الایضاحی سالہ تقریر تھے انھوں نے تمام کتابیں صرف و نحو و منطق کی مجھ سے پڑھیں میر افضل حسین صاحب نے کچھ فقہ حنفی کی تحصیل مجھ سے کی فتاوی

انقروی اور شامی شرح و مختار کی عبارات جابجا مجھ سے پڑھیں ایک دوسرے
صاحب مولوی انوار اللہ خاں بہادر مرحوم المخاطب بہ فضیلت جنگ بہادر
انھوں نے ہدایہ کی کچھ آخری ابواب کی عبارات میرے روبرو پڑھے اور میں اور
بہادر موصوف دونوں ایک مدت دراز تک مولوی عبدالحی صاحب مرحوم
فرنگی محلی کے حلقہ درس میں بھی شریک رہے ہم دونوں ایک دوسرے کے
خواجہ تاش بھی تھے غفر اللہ لہ۔

قومی اسپرٹ

اس کا مجھکو ہمیشہ جوش رہا اور مسلمانوں کی مذہبی اور تمدنی ترقیات کے لئے
جو مجھ سے ہوسکا کوشش کی جو مدارس اور مجالس دینی اور تمدنی اصلاح اور
تہذیب اور ترقی کے لئے قائم ہوئے ہیں اون میں شریک ہوتا رہا جیسے
انجمن اخوان الصفا جلسہ خیرخواہ ہند ندوۃ العلما مدرسۃ العلوم علی گڈھ مدرسہ
جامع العلوم مدرسہ فیض عام انجمن اہل حدیث مدراس وغیرہ وغیرہ ان سب
کی تفصیل کے لئے یہ رسالہ مجالہ کافی نہیں آخر ۱۳۲۲ھ میں مدینہ منورہ میں بہ
صلاح و مشورہ عمائد ترک و عرب ایک یونیورسٹی قایم کرنے کی رائے ہوئی اور
ایک مینار بھی بنایا گیا اس میں ایک پتھر نصب کر کے اس پر نام سلطان
محمد خامس کا کندہ کرایا گیا ایک مجلس بھی اس یونیورسٹی کے انتظام اور
تحصیل چندہ کے لئے قرار پائی جسکے ایک رکن مولانا جمال الدین نعمانی بھی

میں بھی اس مجلس میں رکن اور شریک تھا اور میں نے بلا معاوضہ اپنی خدمات اس یونیورسٹی کے نذر کیں لیکن حق تعالیٰ کی تقدیر ہماری تدبیر کی مساعد نہیں ہوئی آں قدح بشکست و آں ساقی نماند۔ اس جنگ عظیم نے جو مابین سلاطین یورپ کے ہوا جس کی نظیر اگلی تواریخ میں نہیں ملتی اور جس میں دو کروڑ سے زیادہ آدمی مقتول اور مجروح اور تباہ ہوگئے سارے منصوبوں کو کان لم یکن کر دیا یفعل اللہ ما یشاء و یحکم ما یرید و کان امر اللہ قدرا مقدورا

(مناماتـــــ)

(۱) مولانا فضل رحمان صاحب کو میں نے تین بار خواب میں دیکھا وہ اوڑھے چلے جاتے تھے میں نے اُن سے ملنے کا قصد کیا تو فرمایا تم مجھ کو کہاں پاؤ گے تیسری بار وہ ایک حجرے میں تھے جب میں گیا تو ایک شخص نے اُن سے میرا حال بیان کیا فرمایا میں نے تم کو نہیں پہچانا اور معذرت کی اور کھڑے ہو کر ملے معانقہ کیا۔

(۲) ۲۲ رجب دو شنبہ ۱۳۰۹ھ کو میں نے حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی کو ایک عمدہ گھوڑے پر سوار دیکھا آپ پست قد اور سانولے رنگ کے ہیں سر پر بال نہیں ہیں پیشانی عریض ہے میں نے ان کے ہاتھ چومے اور رو کر ان کے پاؤں بڑی دیر تک اپنے سر پر رکھے آپ گھوڑے پر سوار رہے یہ خواب بہت طویل تھا گویا برزخ قائم ہے صدہا اموات کی ارواح کو دیکھا مکانات کی ترتیب ایسی دیکھی جیسے سرائے میں ہوتی ہے ایک فرشتہ میرے ساتھ تھا اس نے ایک مکان مجھے بھی تبلایا دو آدمی اور مکان ڈھونڈھ رہے تھے میں نے ان سے ندا کی پوچھا تم کو یہاں کب سے رہنا ہے

انھوں نے کہا روز حشر تک پھر ایک عورت کو دیکھا پہلے میں نے ان سے نکاح کی
درخواست کی بعد اس کے معلوم ہوا وہ ہماری بڑی بھاوج ہیں پھر میں وہاں
سے اپنے لئے بتلائے ہوئے مکان کی طرف اکیلا نکلا ایک صاحب کو بہت عمدہ
سواری پہ دیکھا معلوم ہوا وہ حضرت سید محمد مکی ہیں (میں نے اون کا نام بھی
نہیں سنا تھا نہ کسی کتاب میں اس وقت تک دیکھا تھا پھر خزینۃ الاصفیا وغیرہ کتب
سے معلوم ہوا کہ وہ حضرت نظام الدین اولیا کے مرید خاص ہیں۔)

جب میں حضرت نظام الدین اولیا محبوب الٰہی کا پاوں اپنے سر پر بڑی دیر تک
رکھے رہا تھا اور اپنی خوبی قسمت اور رسائی بخت پہ خوشی کا رونا رو رہا تھا تو بڑی
دیر کے بعد ایک فرشتہ نے آپ کو اشارہ کیا کہ اب آپ کو گھوڑے سے اتر کر ان سے
ملنا چاہئے یہ اشارہ پاکر آپ نے فوراً اترنے کا قصد کیا میں نے آپ کو گود میں اٹھا لیا
بعد اس کے میں اور حضرت محبوب الٰہی دونوں زمین پہ گر کر رونے اور اپنے مالک
کی حمد وثنا کرنے لگے پھر میں نے اس فرشتہ سے کہا کہ مجھ کو حضرت خواجہ معین الدین
چشتی اور حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی ارواح سے ملاؤ وہ لے چلنے والا تھا
کہ اتنے میں ایک بڑی مسجد تھی یا کوئی مقام وہاں لوگ جمع ہونے لگے دوسرے فرشتہ
نے اس فرشتہ سے کہا ان کو کیوں لئے جاتے ہو سب یہیں آئینگے ان سے
ملاقات ہو جائیگی پھر میں نے اس فرشتہ سے کہا مجھ کو امام بخاری سے ملاؤ اس نے
کہا ان کا مقام علیحدہ اور دور ہے بعد اس کے میں نے اپنے والد مرحوم کو دیکھا وہ

اپنی تمام اولادیں یعنی حسام الدین سمیت جو مولوی بدیع الزماں صاحب مرحوم
کے بعد پیدا ہوا اور ایام طفولیت ہی میں گزر گئے تھے آرہے ہیں لیکن ان سے تفصیلی
ملاقات کی نوبت نہیں آئی اسی تاریخ کو میں نے مراقبہ میں حجاب دور نورا ور
دریائے عظیم الشان دیکھا جس کے اندر میں غائب ہوگیا اور ایک نوعمر بچہ
کو بھی دیکھا جو نہایت عمدہ لباس پہنے تھا۔

(۳) ۱۹ شعبان ۱۳۰۹ھ روز جمعہ کو میں نے دیکھا کہ ایک وسیع باغ میں ہوں جیسی
وسعت کا باغ میں نے کبھی نہیں دیکھا اس میں ہر ایک میوے اور ہر ایک چیز
کے بڑے بڑے قطعات ہیں اس وقت میرے ایک عربی دوست فاضل اور عالم صالح
جن علی بن ناصر بھی میرے ساتھ تھے میں نے ان سے پوچھا یہ باغ کیسا ہے انھوں
نے کہا تم نہیں جانتے یہی تو جنت ہے۔

(۴) شعبان ۱۳۰۹ھ شب جمعہ میں میں نے امام شافعی علیہ الرحمہ کو دیکھا آپ گورے
چٹے لمبے قد کے آدمی ہیں جیسے ایرانی لوگ ہوتے ہیں۔

(۵) ۲۴ ذی قعدہ ۱۳۱۹ھ شب جمعہ کو میں نے امام شافعی کو دوبارہ دیکھا اور ان سے
مصافحہ کیا ان کے ہاتھ بڑی دیر تک چومتا رہا پھر وہی میرے عربی دوست صالح
جن علی بن ناصر آگئے۔ انھوں نے امام صاحب کا مونڈھا چوما آپ طویل القامت
ہیں ریش بقدر یک مشت اور ضعیف القویٰ ہے لباس عربی زیب تن تھا۔

(۶) شب چہارشنبہ ۱۶ رمضان ۱۳۱۱ھ کو میں نے اپنے برادر نسبتی وزیر علی صاحب

صاحب کو دیکھا جو بڑے عابد اور تہجد گزار تھے سفید لباس رکھتے تھے (یہ بھی علامت
نجات ہے) یہ لباس کفن کی صورت میں تھا میں نے ان سے کہا میرے لئے دعا
کرو اللہ تعالیٰ مجھ کو بہشت عنایت فرمائے انھوں نے یہ دعا کی اللہ تعالیٰ تم کو
جنت نصیب کرے میں نے ان کے لئے یہ دعا کی اللہ تعالیٰ تم کو جنتیوں کا سردار
کرے اس کے بعد میں نے پوچھا موت کے بعد کیا حال گزرتا ہے بیان کرو انھوں
نے سکوت کیا اور منھ بنایا پھر میں نے اصرار کے ساتھ یہی پوچھا تب انھوں نے کہا
اس دور میں قبر (یعنی اجساد قبور) میں کچھ نہیں روح عالم ارواح میں رہتی ہے میں
نے کہا پھر قبر پر سلام کرنے کا حکم کیوں ہوا انھوں نے کہا سلام روح کو کرتے ہیں
اور روح کبھی عالم ارواح سے زائر قبر کا سلام سن لیتی ہے اتنا کہہ کر غائب ہو گئے
(۷) شب چہار شنبہ ۱۳ ربیع الاول ۱۳۱۳ھ کو میں نے پھر بھائی وزیر علی خاں اور
مولوی بدیع الزماں صاحب مرحوم کو دیکھا اس مرتبہ مجھ کو بھائی وزیر علی خاں صاحب
کو دیکھ کر بخوبی یہ خیال آگیا کہ یہ تو مر گئے تھے ان سے پوچھنا چاہئے موت کی حقیقت
کیا ہے اور موت کے بعد کیا گزرا دل میں یہ بھی دغدغہ ہو رہا تھا شاید خفا ہو جائیں
لیکن میں نے جرأت کر کے سوال کیا کہ موت کیا چیز ہے انھوں نے کہا قلب
کی ایک حالت ہے۔ (قلب حضرات صوفیہ کے نزدیک عالم امر میں سے ہے
جیسے ارشاد ہوتا ہے الا لہ الخلق والامر اور یہ بھی ثابت ہوا کہ موت حیات
کی طرح ایک وجودی چیز ہے نہ محض عدمی جیسے ارشاد ہوتا ہے خلق الموت والحیٰوۃ

تو روح کی تبدیلیٔ حالت کا نام موت ہے وہ فنا نہیں ہوتی بلکہ اس کو ایک اور طرح
کی حالت ملتی ہے جیسے پیدائش دنیا کے وقت ایک حالت اس کو ملی تھی اور وہ
دنیا میں آنے سے پہلے ایک اور حالت میں موجود تھی دنیا میں آکر اس کو جسم و نفس دیا
گیا جو عالم خلق میں ہے۔ پھر میں نے ان سے پوچھا کہ موت کے بعد تم کو راحت ہے
یا تکلیف۔ مجھ کو خیال ہے کہ انھوں نے اس کے جواب میں تامل کیا اور شاید یہ کہا
کہ بھائی اگر تم کو یہ بات بتا دی جائے تو تم موت کی آرزو کرنے لگو گے بہرحال موت
کے بعد ایسی حالت ہے کہ دنیا کی زندگی سے ہر طرح بہتر ہے۔ غرض پوری گفتگو
اور ان کے پورے الفاظ میں بھول گیا۔

۴۹) شب چہارشنبہ ۲۹ صفر ۱۳۱۳ھ کو میں نے خلیفۂ اول جناب ابوبکر صدیقؓ کو دیکھا
میں نے ان سے پوچھا کہ جناب رسالت مآب کا رنگ کیسا تھا انھوں نے فرمایا
کہ سرخ و سفید لیکن کہیں کہیں کچھ چیچک بہ مقتضائے سن مبارک ہو گئے تھے کیونکہ
سن مبارک ۶۳ سال کا ہو گیا تھا پھر انھوں نے مجھ سے پوچھا ابو حنیفہؓ کو تم کیا
سمجھتے ہو میں نے عرض کیا ابو حنیفہؒ کے لئے آپ کی غلامی فخر ہے اس وقت
خاموش ہو رہے اسی شب کو میں نے دیکھا کہ ایک عذاب زمین پر گر رہا ہے
جس سے ہلاکت کا ڈر ہے میں دعا کرنے لگا اور بھائی بدیع الزماں صاحب نے
کہا اشتغلوا فی الدعاء پھر اللہ تعالیٰ نے ایک لکڑی کی چھت کے اندر ہم کو کر دیا
اور ہم اس عذاب کے صدمہ سے بچ گئے۔ اس کے دوسرے ہی روز یعنی

شب پنجشنبہ ۹ ساعت پر سلخ صفر یا غرہ ربیع الاول ۱۳۲۱ھ میں زینب دختر مولوی
بدیع الزماں صاحب مرحوم نے انتقال کیا۔ مرحوم کو سوا اس دختر کے اور کوئی
اولاد نہ تھی زینب نے بعمر ۲۵ سالہ انتقال کیا اور ایک دختر ۱۵ یوم کی چھوڑی
زینب نہایت قابلہ اور صالحہ اور خوشنویس اور عربی و فارسی اور انگریزی
میں کافی استعداد رکھتی تھی اور کم گو اور نہایت فرزانہ اور عاقلہ تھی عورتوں
میں خصوصاً ہندوستان کی عورات میں ایسی عورت بہت کم دیکھی گئی ہے۔

(۹) ۲۴ رمضان ۱۳۲۶ھ شب جمعہ کو میں حضرت امام حسن علیہ السلام کی زیارت
سے مشرف ہوا یہ خواب بہت طویل تھا صبح کو چند باتیں اس کی میں بھول بھی گیا
بالجملہ حضرت کا حلیہ یہ تھا کہ نہ طویل نہ قصیر نہ موٹے نہ بہت دُبلے چہرہ گولائی
کی طرف مائل رنگ گندمی ریش مدور مخضوب بہ حنا و سیاہی عمامہ بر سر و جبہ
در بر میں نے آپ کے پیچھے ایک مسجد میں نماز پڑھی آپ نے رکوع اور رکوع
سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین کیا اور ہاتھ سینہ پر باندھے اور نماز مختصر
ادا کی لیکن رکوع کے بعد قومہ اور قاعدہ بین السجدتین میں دیر لگائی اور میں نے
آپ کو دیکھ کر بہت رونا اور آپ کے مبارک قدموں کو بار بار آنکھوں سے
ملنا شروع کیا چنانچہ ان قدموں کی ٹھنڈک اب تک میری آنکھوں میں باقی
ہے یہ کل واقعہ برزخ کا تھا میں نے آپ سے پوچھا یہاں تو نماز فرض نہیں
ہے آپ نے نماز کیوں پڑھی؟ فرمایا مستحب ہے جس کا جی چاہے پڑھے جس کا

جی نہ چاہے نہ پڑھے کچھ واجب نہیں ہے (حدیث شریف میں بھی ہے میں نے موسیٰ
کو دیکھا اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے ہیں اور لوگوں نے ثابت بنانی رح کی قبر میں
جھانکا دیکھا تو وہ نماز پڑھ رہے ہیں) آپ جس مکان میں برزخ میں تشریف
رکھتے ہیں اس کو ناصرہ کہتے ہیں میں نے پوچھا امام حسین علیہ السلام اور امام
جعفر صادق رح اور امام زید بن علی وغیرہم کہاں ہیں ارشاد ہوا کہ سب ائمہ یہیں
مکان میں ہیں میں نے شاید آپ کے ساتھ کچھ کھانا بھی کھایا اور کوئی چیز پانی سی
جیسے کوثر پیا کہ وہ مولوی فضل رحمان کی ہے۔ اور مجھ سے پوچھا کہ صحیح مسلم کا ترجمہ
تم نے کیا ہے میں نے عرض کیا جی ہاں اس وقت ہدایہ کا شاید ذکر تھا آپ
نے فرمایا کہ ہدایہ کا ترجمہ دو جلدوں میں فارسی زبان میں کسی نے خوب کیا ہے
میں نے چاہا کہ دو امروں کی آپ سے درخواست کروں اور دو مسئلے پوچھوں
ان میں سے ایک تقلید مذہب معین تھی اور ایک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شرف
ملازمت مگر آنکھ کھل گئی اور یہ درخواستیں کرنے نہ پایا بار بار خوب سیر ہو کر آپ کے
قدموں کو چوما سر پر رکھا آنکھوں سے لگایا۔ صلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ
اجمعین میں نے آپ کا چہرہ دیکھ کر یہ بھی خیال کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کا چہرہ مبارک بھی ایسا ہی ہوگا اس لئے کہ آپ نصف فوقانی جسد میں آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت مشابہ تھے۔

(۱۰) شب ۲۳ ربیع الثانی روز یکشنبہ سنہ ۱۳۱۱ھ کو خواب میں ایک جلسہ میں

میں نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام کو دیکھا
میں نے حضرت علی سے کوئی بات کی وہ مخاطب نہ ہوئے جناب رسالتمآب
نے فرمایا اے علی تم ان کی بات نہیں سنتے یا اسی طرح کوئی کلمہ سفارش کا فرمایا
پہلے بھی جناب امیر نے توجہ اور شفقت کے ساتھ مخاطب ہوئے اور مجھ کو
اپنے ساتھ ایک باغیچہ میں لے گئے اس کے گرد حصار تھا آپ ایک کرسی پر اندر بیٹھے
اور دوسری کرسی پر باغیچہ کے باہر حصار کی نزد مجھ کو بٹھایا اور فرمایا کہ فرشتہ
جو لکھتا ہے اور کوئی لفظ جو میں بھول گیا کہا ہے میں نے عرض کیا ایک فرشتہ
تھا سو فرشتہ ہے اور بہت سی باتیں ہوئیں جن کو میں بھول گیا پھر وہ صحبت
برخاست ہوئی اس کے بعد میں ایک مقام میں گیا جہاں بہت عالیشان
مکانات اور باغیچے تھے ایک مکان عالیشان جو انواع سامان زیب و زینت
سے آراستہ تھا دیکھا معلوم ہوا کہ وہ مکان جناب رسالتمآب کا ہے دو
اور بہت مکانات تھے میں نے جناب امیر کا مکان پوچھا اور لوگوں کی نشاندہی
سے وہاں گیا آپ اپنے مکان میں نہ تھے ایک اور مکان میں تھے جس کے
صحن میں انگیٹھی کا کمرہ اور چند دربان تھے مسجد بھی وہاں تھی ایسا یاد پڑتا ہے
آپ تخت پر اس مکان کے اندر چھت لیٹے ہوئے تھے میں نے دربانوں سے
کہا میری خبر کر دو انھوں نے کہا آپ آرام فرما رہے ہیں بعضوں نے کہا
آپ یہاں نہیں ہیں بلکہ فلاں مکان میں ہیں تم کو یا میرے کو لا پتہ کر کے معلوم

ہو کر وہاں سے لوٹا راہ میں ایک لڑکا ملا اُس سے میں نے یہ قصہ بیان کیا
وہ بولا واہ واہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو تمہاری سفارش کریں اور حضرت
علی رضی اللہ عنہ تم سے نہ ملیں یہ نہیں ہو سکتا تم میرے ساتھ آؤ آپ کو اطلاع نہ ہوئی
ہوگی میں اس کے ساتھ پھر لوٹ کر آیا اور اس مکان پر پہونچا جہاں آپ
بیٹھے تھے وہ لڑکا اندر گیا اور آپ سے معلوم نہیں کیا عرض کیا آپ
اس کی بات سنتے ہی کھڑے ہو گئے اور دروازے تک مجھ کو لینے آئے میں
آپ کے قدموں پر گر پڑا اور بڑی دیر تک قدم پکڑ کر رویا کیا پھر وہاں سے
آپ مجھے اپنے مکان دکھلانے لے گئے اس کے بعد یہ خواب ختم ہو گیا۔
(۱۱) کئی سال کا عرصہ گزرا سنہ و تاریخ مجھ کو محفوظ نہیں ہے میں نے جناب
امیر کو خواب میں دیکھا آپ سے یہ شکوہ کیا کہ ایک شیعہ کو والے نے میری
کتاب چھین لی ہے وہ واپس نہیں دیتا یہ سنکر آپ میرے ساتھ چلے اور
اوس کو جا کر ڈانٹا اس نے کتاب دیدی آپ کا حلیہ اب تک مجھے یاد ہے
آپ موٹے جسم کے ہیں قد ذرا پستہ ہے ریش دراز گول توند نکلی ہوئی ایک
تلوار کمر سے باندھے ہوئے ہے۔
(۱۲) ۲۹ شوال شب پنجشنبہ کو سنہ یاد نہیں ہے میں نے عبداللہ بن مسعود
کو خواب میں دیکھا شاید یہ اکثر اتفاق کے قبول کی نشانی ہے کیونکہ کہتے ہیں
الفقہ زرع ابن مسعود۔

(۱۳) سنہ ۱۳۴۴ ہجری ۲۳ صفر شب شنبہ کو میں نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا آپ نے مجھ سے معانقہ کیا میں بھی ان سے لپٹ گیا وہ رونے لگے میں بھی رونے لگا دونوں خوب روئے معلوم نہیں اس میں کیا بھید تھا۔

(۱۴) شب چہارشنبہ ۲۰ جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳۴۴ھ کو میں نے امام حسین کو خواب میں دیکھا آپ مجھکو دیکھ دیکھ کر مسکرا رہے ہیں۔

(۱۵) شب یکشنبہ ۵ جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳۴۵ھ کو میں نے دیکھا کہ میں مدینہ منورہ میں ہوں اور مزار مبارک پر کھڑا ہوں۔ اور رو رہا ہوں۔

(۱۶) ۱۵ رجب سنہ ۱۳۴۵ھ شب کو میں نے حضرت امام حسن علیہ السلام کو دیکھا آپ کے ہاتھ پاؤں چومے اور کچھ باتیں بھی ہوئیں میں نے عرض کیا کوئی دعا ایسی بتلائیے جس سے اچھی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو فرمایا تمہاری نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیسی ہے میں نے عرض کیا جیسے ایک ادنیٰ غلام گنہگار کی ایک بادشاہ عالیجاہ کے ساتھ

(۱۷) سنہ و تاریخ مجھ کو محفوظ نہیں ہے میں نے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ اس زمانہ کے درویشوں کی حالت آپ جانتے ہیں کہ آپ میری بیعت بلا واسطہ قبول فرمائیے یہ سن کر آپ مجھ کو ایک حجرہ میں لے گئے اس کی دیوار کے متصل کچھ کتابیں رکھی تھیں آپ نے ایک مجلد کتاب ان میں سے اٹھا کر مجھ کو دی میں نے خواب ہی میں

اس کو کھول کر دیکھا تو وہ صحیح بخاری تھی۔ اس خواب کے بعد کئی سال کے حق
تعالیٰ نے صحیح بخاری کے ترجمہ اور شرح کی مجھ کو توفیق عطا فرمائی۔

(۱۸) شب شنبہ سنہ ۱۳۲۵ھ میں میں نے پھر حضرت شیخ کو خواب میں دیکھا۔
آپ کے ساتھ مسجد میں نماز پڑھی۔

(۱۹) سنہ و تاریخ یاد نہیں رہے میں نے جابر بن عبداللہ مشہور صحابی کو
خواب میں دیکھا جیسے وہ وضو کر رہے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم سامنے ایک بلند پہاڑی پر تشریف رکھتے ہیں اس پہاڑ پر اور بھی
کئی آدمی تھے میں نے ان کو نہیں پہچانا۔ پوچھا آپ کون صاحب ہیں۔
کہنے لگے میں جابر بن عبداللہ انصاری ہوں میں نے کہا سبحان اللہ
آپ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خوب پہچانتے ہیں بھلا بتلائیے تو ان
لوگوں میں جو سامنے پہاڑی پر ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کون سے ہیں
انھوں نے کہا دیکھو وہ سفید عمامہ باندھے ہوئے اس مرتبہ میں نے دور
ہی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی قرب نصیب نہیں ہوا۔

(۲۰) ۲۵ ربیع الاول شب دوشنبہ ۱۳۳۳ھ میں جس کو دو ماہ کے قریب عرصہ
ہوتا ہے میں نے اپنے والد ماجد مولوی مسیح الزماں صاحب مرحوم کو بعد
رحلت خواب میں دیکھا آپ نے یہ فقرہ فرمایا۔ گھڑے میں حیات کا پانی
خالی ہو گیا، اس کی صاف تعبیر یہ ہے کہ اب میری موت قریب آگئی ہے

اللہ تعالیٰ اس موت کو آسان اور میرا خاتمہ بخیر ایمان اور محبت اہل بیت
پر کرے۔ آمین یا رب العالمین۔

(۲۱) ۱۳ رجب ۱۳۴۳ھ کو بہ مقام وقار آباد میں نے یہ خواب دیکھا کہ مسلمانوں
کے ایک خلیفہ شرعی ہیں اور ان کے ایک ولی عہد ہیں اور ولی عہد یا خلیفہ شرعی نے
مجھ سے یہ الفاظ کہے اکرم الاکرمین سلطان الواعظین۔ اکرم الاکرمین تو خداوند تعالیٰ
کی صفت ہے تو ان الفاظ کا مصداق میں نہیں ہو سکتا۔ اس خواب کا
مطلب میں نہیں سمجھا میرے دل میں بار بار یہ خیال آتا ہے کہ خلیفہ خداوندا
تو جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے اور ولی عہد جناب امام
حسن علیہ السلام تھے اور اکرم صیغہ اسم ہے یعنی کریم لوگوں کی عزت کہ اسی طرح
سلطان الواعظین کی واللہ اعلم۔ وہ کون شخص ہیں یا درحقیقت کوئی
اسلامی خلیفہ مقرر ہونے والے ہوں اور اکرم الاکرمین کا اطلاق مجازاً ہو۔ فقط